## متحدہ قومی موومنٹ کے قائد الطاف حسین نے روزنامہ جنگ لندن کے ایڈیٹر ظہور نیازی کوفون کر کے سینئر صحافی علی کیانی کے انتقال پر تعزیت کی

لندن۔۔۔15 ستمبر 2008ء۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے جنگ لندن کے ایڈیٹر ظہور نیازی کوفون کر کے ان سے روزنامہ جنگ لندن کے نمائندے اور سینئر صحافی علی کیانی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا۔ظہور نیازی سے گفتگو کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ علی کیانی کے انتقال سے روزنامہ جنگ کا ادارہ ایک سینئر اور کہنہ مشق صحافی سے محروم ہوگیا ہے۔جناب الطاف حسین نے ظہور نیازی اور جنگ لندن کے عملے کے تمام ارکان سے دلی تعزیت کا اظہار کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ علی کیانی مرحوم کی مغفرت فرمائے اور مرحوم کے تمام اہل خانہ اور روزنامہ جنگ کے پورے عملے کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

## ایم کیوایم گلستان جوہر سیکٹر کے کارکنان کی والدہ ریحانہ یوسفی مرحومہ کا سوئم
## رابطہ کمیٹی،حق پرست نمائندگان، ذمہ داران اور کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی
## الطاف حسین نے ٹیلی فون پر خوش الحانی سے فاتحہ خوانی کرائی

کراچی۔۔۔15،ستمبر 2008ء۔۔۔ایم کیوایم گلستان جوہر سیکٹر کے کارکنان سیف یار خان اور عمیر یار خان کی والدہ محترمہ ریحانہ یوسفی مرحومہ کا سوئم آج ان کی رہائش گاہ پر ہوا جس میں مرحومہ کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی۔اس موقع پر ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے لندن سے ٹیلی فون پر خوش الحانی سے فاتحہ خوانی کرائی۔قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماع میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن شکیل عمر،حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی،ایم کیوایم کے مختلف شعبہ جات کے ارکان،ایم کیوایم گلستان جوہر سیکٹر کمیٹی کے ارکان،کارکنان،ہمدردوں اور مرحومہ کے عزیزواقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔بعدازاں جناب الطاف حسین نے لندن سے ٹیلی فون پر مرحومہ کے ایصال ثواب کیلئے خوش الحانی سے کلام پاک کی تلاوت کی اور فاتحہ خوانی کرائی۔بعدازاں اجتماعی دعا کی گئی جس میں مرحومہ کی مغفرت،ان کے بلند درجات اور سوگواران کے لئے صبر جمیل کی بھی دعائیں کی گئیں۔

## الطاف حسین کی 55ویں سالگرہ 17 ستمبر کوسے منائی جائے گی
## ایم کیوایم کے وزراء،اراکین اسمبلی،ٹاؤن ناظمین جیلوں اور اسپتالوں کا دورہ کریں گے
## مریضوں اور اسیروں کو پھل پھول پیش کریں گے

کراچی۔۔۔15،ستمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے بانی وقائد جناب الطاف حسین کی 55ویں سالگرہ مورخہ 17 ستمبر کو پاکستان سمیت دنیا مختلف ممالک میں سادگی سے منائی جائے گی۔اس سلسلے میں کراچی سمیت سندھ بھر میں 16 ستمبر کی شب 12 بجے خصوصی اجتماعات منعقد ہوں گے جن میں ایم کیوایم کے جناب الطاف حسین سے عہدوفا کی تجدید کریں گے اور انہیں سالگرہ کی مبارکباد پیش کریں گے۔جناب الطاف حسین کی 55ویں سالگرہ کے موقع پر ایم کیوایم کے حق پرست وزراء،ارکان سینیٹ،قومی وصوبائی اسمبلی اور حق پرست ناظمین سندھ کے مختلف اسپتالوں اور جیلوں کے دورے کریں گے اور جناب الطاف حسین کی سالگرہ کی خوشی میں مریضوں اور اسیروں کو پھل اور پھول پیش کریں گے۔جناب الطاف حسین کی 55ویں سالگرہ کے موقع پر ایم کیوایم کے کارکنان اور حق پرست عوام میں زبردست خوشی کی لہر پائی جارہی ہے اور اس موقع پر بعض اخبارات اور میگزین کی جانب سے جناب الطاف حسین کی 55ویں سالگرہ کے موقع پر خصوصی ایڈیشن بھی شائع کئے جارہے ہیں۔اسی طرح صوبہ سرحد،بلوچستان اور صوبہ پنجاب میں بھی جناب الطاف حسین کی سالگرہ کی تقریبات منعقد کی جائیں گی جبکہ برطانیہ سمیت دنیا کے مختلف ممالک بھی جناب الطاف حسین کی سالگرہ کی تقریب روایتی جوش وخروش سے منائی جائے گی اور اس سلسلے میں ایم کیوایم کے کارکنان وعوام کے خصوصی اجتماعات منعقد کئے جائیں گے۔یادرہے کہ ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین 17 ستمبر 1953ء کو کراچی میں پیدا ہوئے تھے۔انہوں نے 11 جون 1978 کو جامعہ کراچی میں طلباء تنظیم اے پی ایم ایس او قائم کر کے اپنی تحریک کا آغاز کیا اور اس طلباء تنظیم کے بطن سے 18،مارچ 1984ء کو عوامی جماعت ایم کیوایم کا جنم ہوا۔آج ایم کیوایم پاکستان کی بڑی سیاسی جماعت ہے اور آزاد کشمیر سمیت پاکستان کے چاروں صوبوں میں ایم کیوایم کے یونٹس قائم ہیں۔جبکہ پاکستان کے علاوہ امریکہ،کینیڈا،برطانیہ اور مختلف مغربی،خلیجی اور افریقی ممالک میں بھی ایم کیوایم کے دفاتر قائم ہیں۔

☆☆☆☆☆